## سوال

کیا میت کو ثواب پہنچانے کے مروجہ طریقے شریعت کی رو سے صحیح ہیں؟

## جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

انسان کو مرنے کے بعد درج ذیل کاموں کا ثواب اور فائدہ پہنچتا ہے:

1. اولاد یا کوئی اور شخص اس کے لیے دعا کرے۔ (صحیح مسلم: 1631)

2. کوئی شخص اس کی طرف سے صدقہ کرے۔ (صحیح بخاری: 2756)

3. اس کی طرف سے کوئی حج یا عمرہ کرے۔ (صحیح مسلم: 1149)

4. کوئی اس کا قرض ادا کر دے۔ (سنن ترمذی: 1078)

5. کوئی اس کی نذر پوری کر دے۔ (صحیح بخاری: 1852)

6. اگر میت نے فرض روزے چھوڑے ہوں، جن کی قضائی اس نے نہ دی ہو، کوئی اس کی طرف سے قضائی دے دے۔ (صحیح مسلم: 1149)

7. صدقہ جاریہ:

انسان اپنی زندگی میں کوئی ایسا کام کر گیا ہو جس سے لوگوں کو فائدہ پہنچتا رہے، جیسے کوئی مسجد بنوا دی ہو، کسی کو قرآنِ کریم دے دیا ہو، کسی جگہ فلٹر پلانٹ لگوا دیا ہو وغیرہ۔ (صحیح مسلم: 1631)

8. نفع بخش علم:

انسان نے اپنی زندگی میں کسی کو اچھی تعلیم دی ہو، کوئی کتاب لکھی ہو، یا کوئی اچھی پوسٹ شیئر کی ہو، جس سے لوگ فائدہ اٹھاتے رہیں۔ (صحیح مسلم: 1631)

واللہ أعلم بالصواب

# محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث